نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی کاشتکاروں کوموسم گرما کی سبزیات کاشت مارچ کے اختتام تک مکمل کرنے کی ہدایت

شہری موسم گرما کی سبزیات اپنے گھر کے باغیچہ کی کیاریوں یا چھت پر گملوں میں کاشت کرکے تازہ سبزیاں حاصل کر سکتے ہیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور17 مارچ2023: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ کاشتکارموسم گرما کی سبزیات کریلا،گھیا کدو،چپن کدو،کالی توری،بھنڈی،گھیا توری،بینگن،ٹماٹر،سبز مرچ،شملہ مرچ،تر،کھیرا،پیٹھا وغیرہ سمیت موسم گرما کی دیگر سبزیات کی کاشت فوری کرلیں۔یاد رہے موسم گرما کی سبزیات کی کاشت مارچ کے اختتام تک کی جا سکتی ہے۔مارچ کے بعد کاشت کی گئی سبزیات کی کاشت درجہ حرارت بڑھنے سے قاصر رہتی ہے۔موسم گرما کی سبزیات کی نشوونما کیلئے درجہ حرارت 20 تا35 ڈگری سینٹی گریڈ موزوں رہتا ہے۔محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے مزید بتایا کہ موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے اچھے نکاس اور نامیاتی مادہ رکھنے والی میرا زمین موزوں ہے۔سبزیات کی کاشت سے چندروز پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالنے سے زمین مزید بہتر ہوتی ہے۔موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے ایسی اقسام کا بیج استعمال کریں جس کی اگاؤ کی شرح 80 فیصد سے کم نہ ہواور کاشتکار محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے ایسی اقسام کا انتخاب کریں جو موسمی حالات کے مطابق کیڑے مکوڑوں اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کی حامل ہوں۔ٹماٹر اور مرچ کی کاشت بذریعہ پنیری کریں اور جب پنیری کی عمر 30 تا35 دن ہوجائے تو پنیری کو محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سفارش کردہ فاصلہ پر منتقل کردیں۔کریلہ،گھیا کدو،چپن کدو،گھیا توری،تر اور کھیرا کی کاشت پٹریوں کی ایک جانب جبکہ بھنڈی توری کی کاشت پٹریوں کے دونوں جانب کرنے سے بتائج بہتر ملتے ہیں۔اس کے علاوہ چھوٹے پیمانے پر عوام الناس موسم گرما کی سبزیات کچن گارڈننگ کے تحت گھر کے باغیچہ یا چھت پر بھی سبزیات کاشت کرکے اپنی ضرورت کے مطابق تازہ سبزیاں حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆